سوال

(580) بیوی کا شوہر کی طرف سے حج کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا میری والدہ کے لیے جائز ہے کہ میرے والد (یعنی اپنے شوہر) کی طرف سے حج کرے؟ خیال رہے کہ میری والدہ اپنا فرض حج کر چکی ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب آپ کی والدہ اپنا فریضہ حج ادا کر چکی ہیں تو کوئی حرج نہیں کہ وہ آپ کے والد کی طرف سے حج کریں۔ ([1])

---

[1] ظاہر ہے کہ حج بدل فرض اسی صورت میں ممکن ہے جب اصل فرد وفات پا گیا ہو یا حیات ہو اور ادائیگی سے عاجز ہو۔ اور نفلی میں بعض نے رخصت دی ہے۔ فتویٰ آگے آرہا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 410

محدث فتویٰ